حفاظت کی ہے، اور اسلام کس طرح محض اپنے اصولوں کی طاقت سے انتہائی نامساعد حالات میں بھی پھیلتا چلا جا رہا ہے۔ یہ ایک بڑی سبق آموز اور مفید کتاب ہے جسے ہمارے ذی فہم لوگوں کو ضرور پڑھنا چاہیے۔

THE KASHMIR SAGA تالیف سردار محمد ابراہیم خاں صاحب سابق صدر آزاد کشمیر۔ ضخامت ۲۲۸ صفحات مجلد قیمت ۱۰ روپے مصنف سے ۲۸-ڈی (۱)، گلبرگ ۳، لاہور کے پتہ پر مل سکتی ہے۔

اس کتاب میں فاضل مصنف نے کشمیر کی تحریک آزادی کی پوری تاریخ بیان کی ہے اور ۱۹۴۷ء سے اب تک کشمیر کا مقدمہ جن جن مراحل سے گزرا ہے ان کی تمام ضروری تفصیلات درج کی ہیں۔ مسئلہ کشمیر کے متعلق اس قدر مفصل اور مستند معلومات ہمارے علم کی حد تک کسی دوسری کتاب میں یکجا نہیں مل سکتیں۔

حیاتِ فخر تالیف مشتاق احمد خاں صاحب ضخامت ۲۸۸ صفحات مجلد قیمت ۳ روپے پچاس پیسے ملنے کا پتہ: شیخ محمد اسماعیل صاحب پانی پتی، ۱۸-رام گلی نمبر ۳، لاہور

اس کتاب میں مؤلف نے اپنے والد بزرگوار نواب فخر یار جنگ مرحوم سابق وزیر مالیات ریاست حیدر آباد دکن کے حالات لکھے ہیں۔ نواب صاحب مرحوم حیدر آباد میں ۱۹۱۳ء سے ۱۹۴۰ء تک مسلسل ۲۷ سال اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے اور آخر میں وزیر مالیات کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ اس پوری مدت میں انہوں نے دیانت، امانت، فرض شناسی، اصول اور ضابطہ کی پابندی اور سیرت کی مضبوطی کا نہایت بلند نمونہ پیش کیا جس کی شہادت ہر وہ شخص دے گا جو اس زمانے میں حیدر آباد کے حالات سے واقف رہا ہے۔ درحقیقت وہ اپنے زمانے میں اُن روایات کے بہترین وارث تھے جو ان سے پہلے حیدر آباد میں نواب وقار الملک مرحوم نے قائم کی تھیں۔ ان کے لائق فرزند نے ان کی زندگی کے سبق آموز حالات شائع کر کے ایک اچھی خدمت انجام دی ہے۔

میر و سودا کا دور تالیف۔ جناب ثناء الحق صاحب ایم، اے علیگ۔ شائع کردہ: ادارہ تحقیق و